# تعارف

ایک مضمون کے طور پر سوشل سائنس کی اپنی الگ اہمیت ہے، اس لیے کہ یہ طالب علم کو ایک اچھے اور ذمہ دار شہری کے طور پر تیار کرتا ہے۔ یہ ان کو ملک کے تاریخی، سماجی، سیاسی، معاشی حالات کو سمجھنے کی تحریک دیتا ہے اور اس بات سے واقف کراتا ہے کہ ان حالات کا اس سے کیا تعلق ہے۔ سوشل سائنس کے نصاب اور اس کے مطالعاتی مواد کا تعلق ہندوستان سے ہے اور یہ چار ماڈیول پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر ایک انسانی سماج کے ارتقا اور قدرتی ماحول کے بارے میں واقفیت ومعلومات فراہم کرتا ہے۔ ہندوستان اور اس کے وسائل اور ترقی، ہندوستان کا ثقافتی ورثہ، اس کا سماجی ڈھانچہ اور اس کے ساتھ اس کے عوام جو اس کا عظیم سرمایہ ہیں، کا ان ماڈیولز میں احاطہ کیا گیا ہے۔ اس میں ریاست کے تصور، اس کے آئین، مسائل اور ملک کے سامنے موجود مسائل کے بارے میں وضاحت کی گئی ہے۔ گائیڈ برائے طالب علم کا مقصد فکر وخیال کے عمل کا آغاز کرنا اور طالب علم کو حقیقی زندگی کے حالات سے متن کو باہم مربوط کرنے کا اہل بنانا ہے۔

## طالب علم گائیڈ کے مقاصد

1۔ مختصر وقت میں مطالعاتی مواد کو دہرانے میں آسانی پیدا کرنا

2۔ مشمولات کی آمیزش کو تقویت دینا

3۔ امتحان میں طلبا کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں ان کی مدد کرنا

4۔ کورس میں دیے گئے اہم تصورات اور نکات پر روشنی ڈالنا

## ٹیوٹر مارکڈ تفویضات (TMA) کی اہمیت

### آپ کے لیے ٹیوٹر مارکڈ تفویضات (TMAs)

آپ کے لیے (طالب علم) ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (ٹی ایم اے) کی اہمیت:

کھلے تعلیمی نظام میں ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کی بے انتہا اہمیت ہے۔ درحقیقت ٹی ایم اے کھلے تعلیمی نظام کا اہم اور اٹوٹ حصہ ہے۔ ٹی ایم اے کے ذریعہ آپ کو اپنے استاد کے ساتھ رابطہ میں آنے کا موقع ملتا ہے۔ یہ آپ کو اپنے جوابات کو درست کرنے اور متن کے لحاظ سے اپنی معلومات میں اضافہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ استاد کے مشورے/ ہدایات آپ کو اپنے ذریعہ جمع کی گئی تفویضات میں مطلوبہ بہتری کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

### اچھی تفویض کو تیار کرنے کا طریقہ

اسائنمنٹس کو تیار کرتے وقت آپ کو اپنے اسباق کے متن پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے، اور سبھی یونٹوں/ اسباق کو بھی مطلوبہ اہمیت دینی چاہیے۔ آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ اپنے اسائمنٹس کو سرخیوں اور ذیلی سرخیوں کے ساتھ لکھیں اور ان کو کسی بھی اہم اطلاعات ومعلومات کو مبہم نہیں بنانا چاہیے۔ اسائمنٹس دیے گئے فارمیٹ کے مطابق ہونا چاہیے۔ اس کو سائز کے لحاظ سے نہ تو بہت زیادہ طویل ہونا چاہیے اور نہ ہی بہت زیادہ مختصر۔

### استاد کے مشوروں اور صلاحوں پر عمل

آپ کو استاد کے مشوروں اور ان کی تجاویز پر ہمیشہ عمل کرنا چاہیے۔ اس سے آپ کو موضوع کے بارے میں اپنی معلومات میں اضافہ کرنے اور اس کو تازہ کرنے میں مدد ملے گی اور اس کے ساتھ ساتھ آپ اپنی غلطیوں کو درست بھی کر سکتے ہیں۔ استاد کے مشورے آپ کو امتحان میں اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے میں بھی مدد دے سکتے ہیں۔ چنانچہ اپنے اسائمنٹس پر استاد کے مشورے پر عمل آپ کے لیے ضروری بھی ہے اور آپ کے مفاد میں بھی ہے۔

### امتحانوں کے لیے تیاری

- امتحانات کا مثبت پہلو یہ ہے کہ اس سے طالب علم کو یہ موقع حاصل ہوتا ہے کہ وہ متعلقہ مضمون کے بارے میں اپنی معلومات اور اہلیت کی سطح کا بھی جائزہ لیں۔

## امتحانات کے بارے میں غلط تصور

امتحانات کے بارے میں ایک غلط تصور یہ ہے کہ یہی طالب علم کی اہلیت، لیاقت، استعداد کی سطح کی پیمائش، جائزہ لینے اور فیصلہ کرنے

کاواحد معیار ہے۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ متعدد دیگر تکنیکوں میں امتحان ایسی ایک تکنیک ہے۔

**کس چیز سے بچیں:**

امتحان کی تیاری کرتے وقت امتحان دینے والے کواپنے ذہن ودماغ پر غیرضروری بوجھ نہیں ڈالنا چاہیےاوراس چیز سے بچنا چاہیے،جس کو عام طور پرامتحان کا خوف یا تناؤ کہا جاتا ہے۔آپ کوتفصیلات کوازبر کرنے میں زیادہ وقت ضائع نہیں کرنا چاہیےاور ہرسبق یا مطالعاتی مواد کے اہم نکات پراپنی توجہ مرکوزکرنی چاہیے۔

**امتحانات کے لیے دوہرانا**

امتحان کی تیاری کے لیے اس سب کو دہرانا ضروری ہے، جوآپ نے پڑھا ہے۔اس طرح سے آپ کووہ سب کچھ یادکرنے کا موقع ملتا ہے، جوآپ نے اب تک پڑھا ہےاور یہ ہرسبق یا مطالعاتی مواد کے بنیادی اوراہم نکات کو یادکرنے میں بھی آپ کی مدد کرتا ہے۔

**۵۔امتحان کے لیے تدابیر تیار کرنااورامتحان سے کچھ پہلے اپنے آپ کو اس کے لیے تیار کرنا۔**

آپ کواس بات کوذہن نشین کرنا چاہیے کہ ہر طالب کے لیے امتحان انتہائی اہم ہوتا ہے۔امتحان کی تیاری کے لیے کچھ تدابیر ہیں:

اپنے اسباق/مطالعاتی موادکودوہرائیں۔

خوداعتمادی کی مطلوبہ سطح کو برقراررکھیں۔

امتحان کے خوف کواپنے اوپرطاری نہ ہونے دیں۔

امتحان کے اپنے مرکز پروقت پرپہنچیں۔

آپ اس بات کوذہن نشین رکھیں کہ آپ کوتمام سوالات کے جواب مکمل طور پراورمختص کردہ وقت سے پہلے دینا ہے تاکہ آپ اپنی امتحان کی کاپی پرایک آخری نظر ڈال سکیں اور اس بات کویقینی بناسکیں کہ آپ نے سارے سوالوں کے جواب دے دیے ہیں۔

**براہ کرم سوشل سائنس کے اپنے موادکوبغور پڑھیں۔اس مطالعاتی گائیڈ کا مقصد موادکوبہتر طور پرسمجھنے میں آپ کومدد کرنا ہے۔**

**ٹی ایم اے کوجمع کرنے کا پروگرام**

**اپریل/مئی میں ہونے والے عام امتحان میں شریک ہونے کے لیے**

| اسائمنٹ نمبر | آپ کے ذریعہ مطالعاتی مرکز میں | استاد مضمون کے ذریعہ فیڈ بیک |
|---|---|---|
| ٹی ایم اے ا | 5/دسمبر | 15/دسمبر |
| ٹی ایم اے II | 5/جنوری | 15/جنوری |
| ٹی ایم اے III | 5/فروری | 15/فروری |

**اکتوبر/نومبر میں ہونے والے عام امتحان میں شریک ہونے کے لیے**

| اسائمنٹ نمبر | آپ کے ذریعہ مطالعاتی مرکز میں | استاد مضمون کے ذریعہ فیڈ بیک |
|---|---|---|
| ٹی ایم اے ا | 5/جون | 15/جون |
| ٹی ایم اے II | 5/جولائی | 15/جولائی |
| ٹی ایم اے III | 5/اگست | 15/اگست |

# سوشل سائنس کا تعارف

| سبق نمبر | سبق کا عنوان | مہارتیں | سرگرمی |
|---|---|---|---|
| 0 | سوشل سائنس کا تعارف | خود آ گہی، تنقیدی انداز فکر خلیقی اندازفکر، مسائل کو حل کرنا | میوزیم جانا، مصوری، مجسمہ سازی اور تعمیراتی باقیات جیسے بصری مواد (تصاویر) دیکھ کر تاریخ کا مطالعہ اور اسے سمجھنا |

## مفہوم و معنی

سوشل سائنس کا مقصد سماج کے تمام پہلوؤں کو سمجھنے کے ساتھ سماجی مسائل کا حل تلاش کرنا بھی ہے۔ یہ مختلف مضامین کے درمیان باہمی تعلق پیدا کرنے کی صلاحیت حاصل کرنے میں مدد کرتی ہے۔ سوشل سائنس کی کچھ اہم شاخیں معاشیات، تاریخ، علم آثار قدیمہ، جغرافیہ، سیاسیات اور سماجیات ہیں۔

## سوشل سائنس کی اہم شاخیں

- تاریخ کا تعلق بڑی تعداد میں مردوں اور عورتوں کی بہتر زندگی کی جستجو کے لیے باہمی افعال کی کہانی ہے۔
- علم آثار قدیمہ سماج اور ثقافت کے پہلوؤں کے ساتھ قدیم ادوار کا مطالعہ ہے۔ باقیات کے ذریعہ یعنی فن اشیاء مدفون چیزوں، کھنڈرات، یادگار عمارتوں، کتبات، ستونوں، دھاتی پلیٹوں، سکوں، مہروں، اوزاروں، برتنوں، کھلونوں، تصاویر سے ماضی کے واقعات کے بارے میں پتہ لگایا جا سکتا ہے۔
- جغرافیہ زمین کے خدوخال، باشندوں، مقامات اور ماحول کا مطالعہ ہے۔ یہ سوشل سائنس اور مادی علوم کو قریب لانے کے لحاظ سے منفرد ہے۔
- سیاسیات کا تعلق سیاست کے نظریے اور عمل اور سیاسی نظاموں اور سیاسی رویے کے تجزیے سے ہے۔ اس کے تحت سیاسی واقعات اور حالات کے درمیان تعلق کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔
- سماجیات سماجی سیاق وسباق میں انسانی رویے کا مطالعہ ہے تاکہ سماج کے ڈھانچے اور اسکے کام کرنے کے طریقہ کو سمجھا جا سکے۔
- معاشیات ان طریقوں کا سائنسی مطالعہ ہے، جن کے ذریعہ انسان پیداوار، صرف اور دولت کا انتخاب کرتا ہے۔ یہ ضرورتوں اور دستیاب وسائل کے درمیان توازن کے مطالعہ کی سماجی سائنس بھی ہے۔

## نوع انسان کا ارتقاء

- نوع انسانی کا ظہور تقریباً بیس لاکھ سال قبل ہوا۔
- وہ گوریلا سے مشابہت رکھتے تھے جو غاروں یا درختوں کے اوپر رہا کرتے تھے۔
- تحریر کی ایجاد ایک سنگ میل تھی
- ماقبل تاریخ وہ دور ہے، جس کا کوئی تحریری ریکارڈ موجود نہیں ہے۔
- تاریخ کے تعلق تاریخ کے اس دور سے ہے، جس کے بارے میں تحریری ریکارڈ موجود ہے۔

**پتھر کا دور:**

- **قدیم حجری عہد:** (5,00,000 قبل مسیح سے 1,00,000 قبل مسیح تک) خوراک جمع کرنے والے
- **عہد حجری کا درمیانی زمانہ:** (10,000 قبل مسیح سے 8000 قبل مسیح تک) آگ کے استعمال کی دریافت
- **نو حجری عہد:** (10,000 قبل مسیح سے 8000 قبل مسیح تک) غذا کے پیداکار

## سوشل سائنس اور موجودہ دور کے سماجوں کے مسائل

گو کہ انسان محض شکاری سے خلائی دور تک ترقی کر چکا ہے، لیکن اس کو اب بھی مسائل کا سامنا ہے، جو ہیں:

- غریبی اور بھوک
- دولت کی غیر مساوی تقسیم
- بیروزگاری اور کم روزگاری
- متوازی معیشت، ٹیکس چوری اور کالا دھن
- عوامی زندگی میں (کرپشن) بدعنوانی
- ماحولیاتی آلودگی اور ماحولیاتی تنزلی
- قوم پرستی اور حب الوطنی کا فقدان
- جنس بنیاد پر تفریق
- تشدد، دہشت گردی اور نکسل واد
- نکتہ چینی، علاقائیت پرستی، ذات پرستی، فرقہ پرستی قومی اتحاد و یک جہتی میں رکاوٹ

## انسانی پیش رفت کے مختلف مراحل

- شکار کا مرحلہ: غذا جمع کرنے کے اوائلی دور کی طرح
- دیہی زندگی (دیہی) زراعت ور مسکنی زندگی
- قصباتی زندگی (شہری) غذائی پیدوار کنندہ، دھاتوں کی دریافت دستکاری مہارت کا سبب بنی۔
- شہری زندگی: تہذیب اور ثقافت کی پیش رفت آرٹ مثلاً پینٹنگ، موسیقی، مجسمہ سازی اور فن تعمیر کا فروغ

## اپنا تجزیہ کریں

سوال: انسانی ترقی کے مختلف مرحلوں پر تبادلۂ خیال کریں

سوال: موجودہ دور کے سماجوں کے کن ہی پانچ مسائل کو درج فہرست کریں

سوال: سوشل سائنس کی اہم شاخوں کی وضاحت کریں